
# Prospectus



نصب العین

اللہ و رسول کی فرمانبرداری

دینی بیداری

اولیاء اللہ سے وفاداری

انسانی رواداری

آخرت کی تیاری

تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر



## SOUT-UL-AWLIYA TRUST, J&K

**Head Office :** Bagi Nowgam, Ashajipora, Anantnag (Islamabad) Kashmir

: Tehreek-e-Soutul Awliya : Tehreek-e-Soutul Awliya : Tehreek Sout-ul-Awliya : www.tsajk.org

**Email:** tehreeksoutulawliya@gmail.com

# تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کا مختصر تعارف



وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰہِ جَمِیۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا ۪ (آل عمران:103)

اورتم سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی کے ساتھ تھام لو اور آپس میں تفرق مت ڈالو۔''

تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر ایک غیر سیاسی دینی، سماجی اور فلاحی تنظیم ہے جس کا مقصد اور نصب العین قرآن وسنّت اور صوفیائے کرام کی تعلیمات کو فروغ دینا اور بندگانِ خدا اور پیارے آقا محمد مصطفی ﷺ کے اُمتیوں میں دینی بیداری، انسانی رواداری، اولیاء اللہ سے وفاداری اور آخرت کی تیاری کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔

تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر ۲۰۰۵ء میں محسنِ اہلسنّت الحاج الشیخ مولانا عبدالرشید داؤدی صاحب، مولانا فیاض احمد رضوی صاحب، مولانا محمد یوسف بابا صاحب اور مولانا محمد اسحاق نظامی صاحب کی محنتوں اور جدوجہد سے معرضِ وجود میں آئی ہے۔ ایک غیر معمولی اجلاس میں مولانا عبدالرشید داؤدی صاحب اس تحریک کے امیرِ اعلیٰ مقرر ہوئے اور مولانا فیاض احمد رضوی صاحب بحیثیت صدر، مولانا محمد یوسف بابا صاحب جنرل سکریٹری اور مولانا محمد اسحاق ڈار صاحب جوائنٹ سکریٹری مقرر ہوئے جو یومِ تاسیس سے ہی پوری دلجمعی اور امانت داری سے اپنی اس عظیم ذمہ داری کو بحسن وخوبی انجام دے رہے ہیں۔ ان کی جانفشانی وعرق ریزی اور کوششوں سے تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کا دائرہ دن بہ دن وسیع تر ہوتا گیا اور سینکڑوں علمائے کرام، مشائخ عظام، دانشور مفکرین اور طلبہ کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں عوام الناس اس تحریک کے ساتھ دل وجان سے وابستہ اور منسلک ہوگئے۔ تحریک کے دستور اور نصب العین کو منظم طور پر عملی جامہ پہنانے کے لئے علاقائی، تحصیلی اور ضلعی سطح پر یونٹس اور کارکنان کی مستحکم باڑیاں تشکیل دی گئیں۔ جو شب وروز اس تنظیم کو کامیاب، فعال، متحرک اور مضبوط بنانے میں کوشاں ہیں اور ان تمام لوگوں کی محنتوں کا یہ نتیجہ ہے کہ آج تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر پورے جموں وکشمیر میں خدمتِ دین بالخصوص اہل سنّت کی خدمت دینے میں ایک ممتاز مقام حاصل کر چکی ہے۔ ان تمام مقاصد حسنہ کے حصول کے لئے تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر نے مختلف شعبہ جات تشکیل دئے ہیں جو دینی، سماجی، فلاحی اور تعلیمی میدانوں میں سرگرمِ عمل ہیں۔



01932292059 www.tehreeksoutulauliya.com www.tsajk.org




UAL SOUT-UL
CONFERENCE
TSA
SOUND SYSTEM




# صوت الاولیاء سپریم کونسل

صوت الاولیاء سپریم کونسل بانیان تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر ۔حضرت علامہ و مولانا عبدالرشید داؤدی صاحب، حضرت علامہ و مولانا فیاض احمد رضوی صاحب، حضرت مولانا محمد یوسف بابا صاحب اور حضرت مولانا محمد اسحاق نظامی صاحب پر مشتمل ایک مرکزی اور بنیادی ٹیم اور مجلس ہے۔ انہی پُر عظم مخلص افراد کی جد و جہد اور محنت و لگن سے ایک منظّم و مستحکم دینی واصلاحی تحریک و تنظیم بنام تحریک صوت الاولیاء معرض وجود میں آئی۔ سپریم کونسل کے کدوکاوش سے ہی آج تحریک صوت الاولیاء کے مختلف اور متعدد منظّم اور مستحکم شعبہ جات میدان علم وعمل میں متحرک و فعال ہیں۔ تحریک کے تمام کام وکارنامے خواہ اصلاحی، دعوتی، تعلیمی، تربیتی، تعمیراتی، فلاحی وغیرہ ہوں انہی حضرات کے محنت ولگن اور خلوص للّٰہیت کا ثمرہ اور نتیجہ ہے۔ سپریم کونسل کی رائے اور مشورے سے ہی تحریک کے اہم اور حساس فیصلے جات لئے جاتے ہیں اور انہی کی رائے اور فیصلہ حتمی ہوتا ہے۔

# صوت الاولیاء شعبہ جات

چند شعبہ جات اور اُن کا مختصر تعارف ہدیہ قارئین ہے:

- صوت الاولیاء مجلس شوری
- مرکزی ادارہ صوت الاولیاء
- صوت الاولیاء ٹرسٹ
- صوت الاولیاء علماء کونسل
- صوت الاولیاء مدرسہ بورڈ
- صوت الاولیاء ایجوکیشن بورڈ
- صوت الاولیاء دارُالافتاء
- صوت الاولیاء اسٹوڈینٹس ونگ
- صوت الاولیاء وومنیز ونگ
- صوت الاولیاء دعوت وتبلیغ
- صوت الاولیاء وفاق المساجد
- صوت الاولیاء شعبہ تربیت
- صوت الاولیاء ائی ٹی ڈیپارٹمنٹ
- صوت الاولیاء ہیلتھ ونگ
- صوت الاولیاء شعبہ نشرواشاعت
- صوت الاولیاء مرکزی لابریری
- مکتبہ صوت الاولیاء
- صوت الاولیاء رابطہ کمیٹی برائے زیارات مقدسہ

# صوت الاولیا مجلس شوریٰ

شَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ (آل عمران:159)

''اپنے کاموں میں ان سے مشورہ لیا کرو۔''

اسلام میں باہمی مشورہ کرنے کی کافی تلقین وتاکید کی گئی ہے کیونکہ کسی بھی عظیم مقصد اور ہدف کے حصول کے لئے آپسی مشورہ ریڑھ کی ہڈّی کی مانند ہوتا ہے۔ اسی اہمیت کے پیش نظر تحریک صوت الاولیاء نے اپنے اہداف ومقاصد حسنہ اور منصوبہ جات کو پایہ تکمیل تک پہچانے کے لئے صوت الاولیاء مجلسِ شوریٰ کا قیام عمل میں لایا ہے۔ مجلسِ شوریٰ تقریباً ۳۰/ذی شعور دین دار، دیانتدار مخلص اور صاحبِ رائے افراد پر مشتمل ہے۔ جن کی رائے اور مشورے سے ہی تحریک کے اہم فیصلے لئے جاتے ہیں۔











# مرکزی ادارہ صوت الاولیاء

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ۔ (الحدیث)

’’ہر مسلمان مرد وعورت پر علم دین حاصل کرنا فرض ہے۔‘‘

تحریک صوت الاولیاء کے اہم ترین شعبہ جات میں ’’مرکزی ادارہ صوتُ الاولیاء، باغ نوگام‘‘ ایک اہم اور بنیادی شعبہ ہے۔ ادارہ صوت الاولیاء اور روحانی مرکز اور رشد و ہدایت کا عظیم سرچشمہ ہے۔ ادارہ صوتُ الاولیاء باغ نوگام اسلام آباد (اننت ناگ) میں واقع ہے۔ اس کی بنیاد ۲۰۰۵ء میں متعدد علماء کرام و مشائخ عظام کی موجودگی میں رکھی گئی تھی۔ ادارہ صوت الاولیاء میں تقریباً تین سو(۳۰۰) سے زائد ریاست و بیرون ریاست کے طلبہ زیر تعلیم و تربیت ہیں۔ ان تشنگان علوم نبویہ کو ماہر اساتذہ، جید علماء کرام اور مفتیان عظام کی زیر نگرانی مختلف دینی علوم وفنون سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ ان طلبہ کے قیام اور رہائش، خورد و نوش اور بنیادی طبی سہولیات کا انتظام صوت الاولیاء ٹرسٹ ہی کرتا ہے۔ ادارہ صوت الاولیاء میں مختلف علوم وفنون شرعیہ کے کورسز طلبہ کو کرائے جاتے ہیں۔ جن میں خاص کر درج ذیل شعبہ جات ہیں:

شعبہ تجوید القرآن وتحفیظ القرآن، شعبہ درس نظامی، درجہ تخصص فی الفقہ، امامت کورس وغیرہا۔

ادارہ صوتُ الاولیاء سے ابھی تک سینکڑوں علماء، حفاظ، ائمہ مذکورہ کورسز کی تکمیل کر کے ریاست کے مختلف علاقوں میں خدمت دین اور خدمت خلق میں مصروفِ عمل ہیں۔

# مرکزی ادارہ صوت الاولیاء

<u>شعبہ تجوید القرآن و حفظ و ناظرہ</u>: اس شعبہ میں بچوں کو اصول تجوید کی رعایت کرتے ہوئے درست مخارج کے ساتھ قرآن شریف کو حفظ و ناظرہ کرایا جاتا ہے۔





<u>شعبہ درس نظامی</u>: اس شعبہ میں طالبان علوم نبویہ کو مختلف علوم و فنون سے سیراب کیا جاتا ہے جن میں قابل ذکر علوم و فنون علم قرآن، علم تفسیر، علم اصول تفسیر، علم حدیث، علم اصول حدیث، علم فقہ، علم اصول فقہ، علم میراث، علم کلام و العقاعد، علم منطق، علم نحو، علم صرف، علم ادب و الانشاء، علم بلاغت، علم تجوید وغیرہا۔





یہ شعبہ تقریباً آٹھ سال پر محیط ہے جس میں طلبہ کو پانچ سال میں عالمیت اور آٹھ سال میں فضیلت کرائی جاتی ہے۔

<u>درس تخصص فی الفقہ</u>: یہ دو سالہ کورس ہوتا ہے جس میں ذہین و فطین طلبہ کو فقہ حنفیہ کے اصول و ضوابط کے مطابق تدریب و تحقیق کرائی جاتی ہے اور سند افتاء سے نوازا جاتا ہے۔





# مرکزی ادارہ صوت الاولیاء

**امامت کورس:** دور حاضر میں میدان امامت و خطابت میں ائمہ اور خطباء کی قلت اور عوام کے بار بار امام و خطیب کے مطالبے کے پیش نظر امامت امامت کورس کا مرکز صوت الاولیاء میں اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں طلبہ کو امامت و خطابت کی مکمل تعلیم تربیت اور بنیادی علوم و احکام شرعیہ سے آراستہ کیا جاتا تاکہ وہ میدان عمل میں اس عظیم منصب کو بحسن و خوبی انجام دے سکے۔



**دو ماہ سرمائی کورس:** کالجز اور یونیورسٹیز میں زیر تعلیم طلبہ اور زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ افراد کی ظاہری اور روحانی تعلیم و تربیت کے لئے ہر سال موسم سرما میں دو ماہ دینی تربیتی کورس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس میں طلبہ کو اسلام کے بنیادی علوم و فنون مثلاً تجوید القرآن، احکام شرعیہ، آداب و اخلاق، عقائد، سیرت وغیرہ پڑھائے اور سکھائے جاتے






# صوت الاولیاء ٹرسٹ

قَالَ النَّبِیُّ ﷺ "اَلسَّاعِیْ عَلَی الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْکِیْنِ کَالْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللهِ۔ أَوِ الْقَائِمِ اللَّیْلِ الصَّائِمِ النَّهَارِ۔ (بخاری)

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''بیواؤں اور مسکینوں کے لئے کوشش کرنے والا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کی مثل ہے۔ یا اُس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات کو عبادت کرتا ہے۔''

محتاجوں، غریبوں، بیواؤں اور ضرورت مندوں کی مدد، حاجت روائی اور دلجوئی کرنا دین اسلام کا بنیادی درس ہے۔ دوسروں کی مدد و تعاون کرنے، اُن کی روزمرہ کی ضروری اشیاء فراہم کرنے کو دین اسلام نے کارِثواب اور اپنے رب کو راضی کرنے کا ذریعہ بتایا ہے۔ خالق کائنات اللہ رب العزت نے امیروں کو اپنے مال میں سے غریبوں کو دینے کا حکم دیا ہے۔ صاحب استطاعت پر واجب ہے کہ وہ مستحقین کی مقدور بھر مدد کرے۔ سماجی بہبودی (Social welfare) کا بنیادی مقصد بھی معاشرے کے محتاجوں، بے کسوں، مزدوروں، بیماروں، بیواؤں، یتیموں اور بے سہاروں کی دیکھ بھال اور اُن کی فلاح و بہبود ہے۔

صوت الاولیاء ٹرسٹ کا بنیادی مقصد بھی معاشرے میں بلا مسلک و مذہب بے سہارا مفلوک الحال افراد، محتاجوں، غریبوں، یتیموں، بیواؤں اور ضرورت مندوں کی مالی امداد اور حاجت روائی کرنا ہے۔ ان مقاصد کو پورا کرنے میں صوت الاولیاء ٹرسٹ ۲۰۰۶ء سے لگاتار سماجی بہبودی کے کاموں (Social welfare) میں تگ و دو (Overexert) کرتا ہے۔ ۲۰۱۴ء کے تباہ کن سیلاب میں صوت الاولیاء ٹرسٹ نے سیلاب متاثرین کو لاکھوں روپیوں کی مالی اور جنسی معاونت کی جس میں کپڑے، اشیاء خوردنی، ادویات اور نقدی شامل ہیں۔ ۲۰۱۸ء میں تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کے ذریعہ کیرلا میں آئے تباہ کن سیلاب سے متاثرین کو بھی لاکھوں روپیوں کی مالی معاونت کی گئی۔ غریب و بے سہارا لڑکیوں کی شادی بیاہ کے خرچہ جات اور ضرورت کا انتظام کرنا، عریب اور لاچار مریضوں کی مالی امداد کرنا، ناگہانی اور حادثاتی آفتوں میں متاثرین کی نقدی اور جنسی معاونت کرنا، بیوہ اور تنگ دست خواتین کی مالی امداد کرنا صوت الاولیاء ٹرسٹ کے بنیادی کام ہیں۔ غرض صوت الاولیاء ٹرسٹ سماجی بہبود کے کاموں میں بھرپور رول ادا کر رہا ہے۔

# صوت الاولیاء علماء کونسل

صوت الاولیاء علماء کونسل تحریک صوت الاولیاء سے وابستہ علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کا ایک مستحکم اور مضبوط ٹیم ہے جو تحریک سے وابستہ واعظین ومبلّغین کی تربیت واصلاح کے لئے تحصلی، ضلعی، سطحی طور پر ماہانہ، سالانہ تربیتی پروگرام کا اہتمام کرتا ہے۔ مدرسہ بورڈ کی مکمل نگرانی اور محاسبہ کرنا، نت نئے مسائل چیلنجز کا بروقت تحریری وتقریری طور پر جواب دینا، علمی، فقہی سیمینار کا انعقاد کرنا، تربیتی اور اصلاحی اجلاس کا اہتمام کرنا، نصابِ تعلیم کے لئے معیاری کتابیں تحریر وتالیف کرنا، کونسل کی بنیادی ذمّہ داریاں ہیں۔







# صوت الاولیاء مدرسہ بورڈ

صوت الاولیاء مدرسہ بورڈ تحریک صوت الاولیاء کا ایک اہم شعبہ ہے، جولائی ۲۰۲۰ء میں تحریک کے ذمّہ داران کی موجودگی میں اس کا قیام عمل میں لایا گیا۔ تحریک صوت الاولیاء سے منسلک مدارس، مکاتب (درسگاہیں) کی کاغذی رجسٹریشن کو عمل میں لانا، ان کی تعلیم و تربیت اور نظم و نسق کی نگرانی کرنا، مدارس اور مکاتب میں تعلیمی نظام کو مستحکم اور مضبوط کرنے کے لئے تعلیمی معائنہ اور انسپکشن کرنا، تحریک سے منسلک مدارس کے اراکین سے اختتام سال پر آمدنی اور اخراجات کے حساب کا مکمل جائزہ لینا جیسے اہم کام اور ذمہ داریاں بورڈ ہی انجام دیتا ہے۔











# صوت الاولیاء ایجوکیشن بورڈ

قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِي الَّذِيۡنَ يَعۡلَمُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ (الزمر:9)

”آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہیے، کیا علم والے اور بے علم برابر ہیں۔“ (تبیان القرآن)

علم کے ذریعے آدمی ایمان ویقین کی دنیا آباد کرتا ہے۔ بھٹکے ہوئے لوگوں کو سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ بروں کو اچھا، دشمن کو دوست، بے گانوں کو اپنا بناتا ہے اور دنیا میں امن وامان کی فضا پیدا کرتا ہے۔

صوت الاولیاء ایجوکیشن بورڈ بھی تعلیم کو عام کرنے کے مقصد سے تشکیل دیا گیا ہے تاکہ اُمت کو دینی علوم کے ساتھ ساتھ عصری علوم سے بھی آراستہ کیا جائے۔ تحریک سے وابستہ اور منسلک اسکولز کی نگرانی اور عصری دانش گاہوں کے لئے اسلامی نصابِ تعلیم تیار کرنا اور اُن کو نافذ کرنے کا بورڈ کا بنیادی مقصد ہے۔




# صوت الاولیاء دار الافتاء والقضا

صوت الاولیاء دارالافتاء والقضاء تحریک صوت الاولیاء جموں و کشمیر کے شعبہ جات میں ایک اہم شعبہ ہے جو لوگوں کو شرعی مسائل، دینی احکام و معاملات میں کتاب و سنّت اور فقہ حنفیہ کی روشنی میں مکمل رہنمائی کے لئے ۲۰۱۳ء میں معرض وجود میں آیا ہے۔

صوت الاولیاء دارالافتاء والقضامیں شرعی رہنمائی کا عمل ہر ممکن طریقہ سے جاری رہتا ہے۔

لوگ بالمشافہ آکر اپنے روزمرہ کے دینی مسائل، خصوصی طور پر پیش آنے والے معاملات، تنازعات، ترکہ و وراثت، نکاح و طلاق الغرض ہر شعبہ زندگی سے متعلق دینی مسائل پیش کرتے اور مفتیان کرام ان کو تحریری اور تقریری طور پر تسلی بخش جواب فراہم کرنے کی مکمل کوشش و سعی کرتے ہیں۔








# صوت الاولیاء وومنیز ونگ

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً (النحل:97)

’’جس نے نیک کام کئے خواہ وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو تو ہم اس کو پاکیزگی کے ساتھ ضرور زندہ رکھیں گے۔‘‘ (تبیان القرآن)

وجودِ زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

(ڈاکٹر محمد اقبال)

کسی بھی قوم یا معاشرہ کی اصلاح وتعمیر وترقی میں جو بنیادی کردار عورتیں ادا کرتی ہیں وہ کسی بھی ہوشمند سے مخفی نہیں۔ بچوں کی تربیت، معاشرہ کی صلاح وفساد، بناؤ وبگاڑ کا تعلق مردوں کی بہ نسبت عورتوں سے زیادہ ہے۔ بچے ماؤں کی گود میں پلتے ہیں ان کا سب سے پہلا مکتب و مدرسہ ماں کی گود ہوتی ہے۔ عورتوں کی اصلاح معاشرہ کی اصلاح ہے۔ عورتیں اگر چاہیں تو بگڑے ہوئے معاشرہ اور مغربی تہذیب کے بہتے ہوئے سیلاب کا رُخ موڑ دیں۔ ایک عرصہ سے ضرورت محسوس کی جاتی تھی کہ اسلامی ماں، بہنوں کی اصلاح کے لئے ایک منظم شعبہ ہونا چاہی۔ اسی ضرورت کے پیش نظر تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر نے شعبہ خواتین (Women's Wing) کی بنیاد رکھی۔ جس کے ساتھ سینکڑوں ماں بہنوں نے وابستگی اختیار کر کے اپنے اور اپنے گھروں کے اندر اسلامی ماحول پیدا کیا اور تحریک صوت الاولیاء وومنز وِنگ کی مبلغات ومعلّمات میں درس وتدریس اور وعظ ونصیحت کی خدمات انجام دے رہی ہیں۔ ضلعی تحصیلی اور علاقائی سطح پر دینی اجتماعات کا انعقاد کر کے اسلامی ماں بہنوں میں جذبہ دین داری اُجاگر کیا جاتا ہے اور اس کے تحت علاقائی، تحصیلی اور ضلعی سطح پر یونٹس قائم ہیں۔ معاشرے میں پھیلی برائیوں اور منکرات کا سد باب کرنا، خواتین کے اندر دینی بیداری پیدا کرنا، وومنز وِنگ کا بنیادی مقصد اور ہدف ہے۔




# صوت الاولیاء دعوت وتبلیغ

وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۝ (آل عمران:104)

''اورتم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہیے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بُری باتوں سے منع کریں اور یہی لوگ مراد کو پہنچے۔'' (ترجمہ کنزالایمان)

دعوتِ دین ایک اہم دینی ملّی فریضہ ہے یہ اُمت مسلمہ کی بنیادی ذمّے داری ہے۔علماء اُمت کے باشعور طبقہ پر بالخصوص فرض ہے کہ وہ دعوتِ دین کا کام انجام دیں۔تبلیغ دین کا مشن ہر زمانے میں جاری رہا ہے اور موجودہ حالات میں بھی اس کی اتنی ہی ضرورت ہے۔حقیقت تو یہ ہے کہ اُمت مسلمہ میں ہر دور میں کم از کم ایک ایسی جماعت کا وجود ضروری ہے جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دے۔یوں تو تحریک صوت الاولیاء کا ہر شعبہ دعوت وتبلیغِ دین ہی سے متعلق ہے۔اس کے باوجود ذمّے دارانِ تحریک صوت الاولیاء نے دعوت وتبلیغ کے لئے ایک منظم ومستحکم شعبہ ''شعبہ دعوت وتبلیغ'' قائم کیا ہے جس کے ذریعہ سینکڑوں علماء، فضلاء، دُعاۃ ومبلّغین اصلاح اعمال وعقائد کرکے دعوت وتبلیغ کے اس دینی فریضہ کو انجام دیتے ہیں۔اس شعبہ کے تحت مسجدوں کو امام وخطیب فراہم کئے جاتے ہیں۔قرب وجوار اور دور دراز کے علاقوں میں علماء، خطباء کو بھیج کر ہفتہ وار، ماہنامہ دینی تربیتی پروگراموں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جن میں قرآن وحدیث اور اولیاء وصوفیاء کرام کی مقدس تعلیمات ونظریات کی دعوت دی جاتی ہے۔

شعبہ دعوت کے تحت ریاست اور بیرونِ ریاست میں ضلعی، تحصیلی اور علاقی سطح پر عظیم الشان کانفرنسوں اور اجتماعات کا انعقاد کیا جاتا ہے جن میں خاص کر ریاست گیر سالانہ تحریک صوت الاولیاء کانفرنس کا انعقاد جس میں لاکھوں لوگ شرکت کرکے ریاست وبیرونِ ریاست کے علماء کرام، مشائخ عظام محققین کے علمی، عرفانی اور روحانی بیانات سے مستفیض ہوتے ہیں۔





# صوت الاولیاء وفاق المساجد

اِنَّمَا یَعۡمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ الۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ (التوبہ:18)

’اللہ کی مسجدوں کووہی آباد کرت ہیں جواللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں۔‘‘ (ترجمہ کنزالایمان)

اللہ کا گھر اُمتِ مسلمہ اور دین اسلام کی ریڑھ کی ہڈّی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اجتماعیت اور اجتماعی قوت کی بنیاد مسجد میں ہوتی ہے۔ باہمی اُخوت ومحبت اور ایک دوسرے کے دُکھ درد میں شریک ہونے کی صورتیں یہیں سے نکلتی ہیں۔ مساوات کا بے مثال منظر یہیں پیش ہوتا ہے۔ امیر اعلیٰ تحریک صوت الاولیاء حضرت مولانا عبدالرشید داؤدی صاحب نے دفاعِ مساجد اور مساجد کے نظام کو منظم طریقے پر چلانے کے لئے تجویز پیش کی جسے عمل میں لاکر صوتْ الاولیاء وفاق المساجد قیامِ عمل میں آیا ہے جس میں سینکڑوں سنّی مساجد کواوقاف کمیٹی کی رضامندی سے شرائط کے تحت اس وفاق المساجد کے ساتھ وابستہ اور رجسٹرڈ کیا گیا ہے۔ جہاں سنّی ائمہ وخطباء ان مساجد میں عوام الناس کو مستفیض کررہے ہیں۔ ان مساجد کا نظام وفاق المساجد کے زیرِ نگرانی چل رہا ہے۔



جامع مسجد وآثار شریف کعبہ مرگ



مرکزی حنفیہ جامع مسجد بٹھورو



مکہ مسجد مومن آباد



صوت الاولیاء جامع مسجد وزیارت شریف باغ نوگام




# صوت الاولیاء شعبہ تربیت

انسان کی کامیابی اور ناکامی، فساد و بگاڑ اور اصلاح ورشگی میں تربیت کا اہم دخل ہوتا ہے، اسی طرح خوش گوار اور پُرسکون معاشرہ قائم کرنے کے لئے تربیت کا اہم رول ہوتا ہے۔ تربیت کے اس اہمت وافادیت کی پیشِ نظر تحریک صوت الاولیاء نے ایک الگ شعبہ بنام شعبہ تربیت قائم کیا ہے، جس کے تحت سالانہ، ماہانہ اور ہفتہ وار اجتماعات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اجتماعی اور انفرادی بہترین دینی، سماجی تربیت دینے کی بھرپور کوشش کی جاتی ہے۔ تحریک سے وابستہ ائمہ کرام، خطباء، مبلغین اور اراکین کی بہترین تربیت واصلاح اسی بینر تلے کی جاتی ہے۔






# صوت الاولیاء ائی ٹی ڈیپارٹمنٹ

وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ (الانفال:۶۰)

''اور (اے مسلمانو!) تم پہ بقدرِ استطاعت ان (سے مقابلہ) کے لئے ہتھیار تیار رکھو۔''

اسلام ایک عالمی اور آفاقی (Universal) دین ہے جس میں زندگی کے نت نئے چیلنجوں (Challenges) کو قبول کرنے کی بھرپور صلاحیت ہے۔ آج کا دور انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا دور ہے اس کے ذریعہ بات سیکنڈوں میں بڑی تعداد اور بہت دور تک پہنچ جاتی ہے۔ اسلام ایک داعی مذہب ہے۔ اسلام کے عالمی دعوتی مشن کے لئے انٹرنیٹ کے اسی فارمیٹ کو استعمال کیا جائے جس کے لوگ زیادہ دیوانے ہیں۔

تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر نے دورِ جدید کے اس اہم مسئلہ کو مدِّ نظر رکھ کر ۲۰۱۸ء میں سوشل میڈیا سیل قائم کی جس کے ذریعہ لوگوں تک دین اسلام کا صحیح پیغام پہنچایا جاتا ہے۔



# صوت الاولیاء شعبہ نشرواشاعت

قلم کی اہمیت وافادیت ہر دور میں تسلیم کی گئی ہے۔ تحریک صوت الاولیاء شعبہ نشرواشاعت، جس کے ذریعہ مختلف اوقات میں متعدد کتابیں اور رسائے شائع کر کے عوام اہلسنّت کے لئے راحت کا سامان فراہم کیا جاتا ہے۔ سالانہ کلینڈر بھی شائع کیا جاتا ہے اور ہر سال عیدالفطر وعیدالاضحیٰ سے قبل ضروری مسائل واحکام پر مشتمل ہزاروں پوسٹر ریاست بھر میں ارسال کیے جاتے ہیں۔










# صوت الاولیاء مرکزی لابریری

الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ۬ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ (ابراہیم:1)

الٓر۔ یہ ایک کتاب ہے جو ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے تاکہ تم لوگوں کو ان کے رب کے حکم سے اندھیروں سے اُجالے میں لاؤ۔'' (ترجمہ کنزالایمان)

لائبریریاں تہذیب وتمدن کو پروان چڑھانے کی بہترین عکاس (مظہر) ہیں، کہا جاتا ہے کہ جس تہذیب نے لائبریریوں کی لاج رکھی ہے وہ معاشرے میں ترقی کئے بغیر نہیں رہ سکی۔ کسی بھی معاشرے کے ذوق کو دیکھنا ہو تو اُن کا ذوقِ مطالعہ دیکھیں۔ لائبریری علم وفکر اور تعلیم تعلّم کا مظہر و مرکز ہے۔ تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر نے لائبریریوں کی اہمیت وافادیت اور ضرورت کو مدنظر رکھ کر ہر یونٹ میں لائبریری قائم کرنے کا نظام بنایا ہے۔ اسی نیک مقصد کے تحت تحریک صوت الاولیاء نے مرکز صوت الاولیاء باغ نوگام اننت ناگ میں ایک عظیم والشان لائبریری ''صوت الاولیاء مرکزی لائبریری'' قائم کی ہے جس میں ہزاروں کی تعداد میں مختلف علوم وفنون پر مشتمل مختلف زبانوں میں کتابیں موجود ہیں جہاں تشنگانِ علوم اپنی علمی پیاس بجھاتے ہیں۔






# صوت الاولیاء ہیلتھ ونگ

خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یُّنْفَعُ النَّاسِ۔ (الحدیث)

”بہترین انسان وہ ہے جو دوسرے لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔“ (ترجمہ کنز العمال)

تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کے اہتمام سے چلنے والا ہیلتھ وِنگ ایک اہم شعبہ ہے جس کے ذریعے عوام الناس میں بیمار، مفلوک الحال انسانوں کو ادویات، نقدی، رقم، طبّی اشیاء کے ذریعہ مدد کی جاتی ہے۔ اس وِنگ کے ذریعے Blood Donation، آکسیجن مشینیں، ایمبولینس (Ambulance) وغیرہ فراہم کی جاتی ہیں۔





# مکتبہ صوت الاولیاء

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۲ (البقرہ:2-1)

الٓمٓ۔ وہ بلند رُتبہ کتاب (قرآن) کوئی شک کی جگہ نہیں اس میں ہدایت ہے، ڈر والوں کو۔ (ترجمہ کنزالایمان)

کتاب منبع علم و مصدر علم ہے۔ کتاب غور و فکر کو پروان چڑھاتی ہے۔ غور و فکر انسان کو حکمت و دانائی اور معرفت کی طرف لے جاتا ہے۔ کتاب انسان کو اطمینانیت (Satisfaction)، شعورِ آگہی اور وجدان کے خزینے عطا کرتی ہے۔ کتاب انسانی سوچوں کو گہرائی اور وسعت سے نوازتی ہے۔ کتاب کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ قرآنِ مجید نے ابتدا میں ہی اپنا تعارف ''الکتاب'' کے طور پر کر دیا۔ کتاب کی اس اہمیت و افادیت کے پیشِ نظر ہی تحریک صوت الاولیاء نے ایک کتاب گھر بنام ''مکتبہ صوت الاولیاء'' قائم کیا ہے۔ جس کے ذریعہ دینی کتابوں کی نشر و اشاعت اور تقسیم کاری ہوتی ہے۔ مکتبہ صوت الاولیاء میں علماء اہلسنّت کی مختلف فنون اور موضوعات پر مشتمل کتابیں رعایتی قیمتوں پر ہر وقت دستیاب رہتی ہیں۔








# صوت الاولیاء رابطہ کمیٹی برائے زیارات مقدسہ

صوت الاولیاء رابطہ کمیٹی برائے زیارت مقدسہ تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کا وہ اہم شعبہ ہے جو جموں وکشمیر میں زیاراتِ مقدس اور آثار شریف کے مجاورین، خادمین اور کمیٹی والوں سے خصوصی رابطہ اور تعلق بنائے رکھتی ہے۔ آثارِ متبرکہ کا تحفظ اور دفاع کرنا، غیر شرعی اُمور سے زیاراتِ شریفہ کو محفوظ رکھنا اور مجاورین اور تحریک صوت الاولیاء کے آپسی روابط کو مستحکم اور مضبوط رکھنے کے لئے رابطہ کمیٹی معرضِ وجود میں آئی ہے۔





# صوت الاولیاء سول سوسائٹی

## خیر الناس من ینفع الناس (الحدیث)

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو　　ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیان

صوت الاولیاء سول سوسائٹی تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کے تحت ایک فلاحی، اصلاحی،۔۔۔۔ شعبہ ہے۔ سول سوسائٹی بغیر کسی امتیازی رنگ و نسل اور مسلک ومذہب کے بے سہارا مفلوک الحال لوگوں، غریبوں، تییموں، ضرورت مند افراد اور ناگہانی قدرتی آفات و حادثات میں ملوث افراد کو بروقت مدد و اعانت کرتا ہے۔ یتیم وبے سہارا بچیوں کے نکاح و شادی کے لئے مالی امداد فراہم کرنا، غرباء و مساکین، بیواؤں، تیموں اور نادار لوگوں تک راشن کی فراہمی، بغیر کسی امتیاز کے انسانیت کی خدمت کرنا، معاشرے میں فلاح و بہبود کے لئے کام کرنا، مستحق لوگوں تک ادویات فراہم کرنا، معاشرے میں پیدا شدہ برائیوں کو ختم کرنا، نوجوان نسل کو برائی و بے حیائی اور منشیات سے روکنا اور اخلاقیات کو ترجیح دینا صوت الاولیاء سول سوسائٹی کے اولین مقاصد اور اہداف ہیں

# صوت الاولیاء ساؤنڈ سسٹم

صوت الاولیاء ساؤنڈ سسٹم تحریک صوت الاولیاء کا وہ شعبہ ہے جس کے ذریعہ دینی وملی تقریبات و اجتماعات اور دینی کانفرنسوں کے لئے ساؤنڈ سسٹم فراہم کرتا ہے۔ جس کی آمدنی صوت الاولیاء کے ذرہعہ چلنے والے دینی کاموں پر خرچ کی جاتی ہے۔






# فراسپکٹس فوٹوگیلری



# فراسپکٹس فوٹوگیلری



صدر اعلی تحریک صوت الاولیاء



امیر اعلی تحریک صوت الاولیاء



دفتر امیر اعلی تحریک صوت الاولیاء



دفتر صدر اعلی تحریک صوت الاولیاء



جوائنٹ سیکریٹری تحریک صوت الاولیاء



جنرل سیکریٹری تحریک صوت الاولیاء



ناظم مرکزی ادارہ صوت الاولیاء



پرنسپل مرکزی ادارہ صوت الاولیاء



میلاد ریلی 2023

# فراسپکٹس فوٹوگیلری






# صوت الاولیاء کے مختلف شعب جات کے تعمیراتی کام

